© rasailojaraid.com



# تنقید و تبصرہ

**صنعتِ اکبر** مؤلفہ حکیم محمد یوسف حسن۔ کاغذ اخباری صفحات ۱۸۴۔ قیمت ۳ روپے۔
ناشر اشرف اکیڈیمی۔ پوسٹ بکس ۱۰۱۔ لائل پور۔

"صنعتِ اکبر" کشتہ سازی پر ایک نادر کتاب ہے۔ اس کی مقبولیت کی شہادت اس سے زیادہ کیا ہو سکتی ہے کہ اس وقت اس کا تیسرا ایڈیشن ہمارے سامنے ہے۔ ایک زمانہ تھا جب نولکشور پریس نے طب کی بے شمار کتابوں کا اردو میں ترجمہ کرایا تھا اور وہ سب کتابیں اکثر کتب فروشوں کے ہاں سے مل جاتی تھیں۔ لیکن یہ ذخیرہ اب تقریباً مفقود ہے۔ ان حالات میں "صنعتِ اکبر" کی اشاعت ایک مفید کام ہے۔

کتاب کی لکھائی چھپائی اچھی ہے۔ زبان بھی صاف اور آسان ہے۔ البتہ کہیں کہیں ایسی اصطلاحات آگئی ہیں جو صرف اطباء ہی سمجھ سکتے ہیں۔ اگر ان اصطلاحات کی جگہ آسان الفاظ استعمال کیے جاتے تو کتاب اور زیادہ مفید ثابت ہوتی۔ (م۔ ش)

**میٹھے بول** از عابد نظامی۔ شائع کردہ مکتبۂ تعمیرِ انسانیت، موچی دروازہ، لاہور۔ کتابت و طباعت اچھی۔ کاغذ اوسط درجے کا۔ سرورق سہ رنگا۔ صفحات ۸۰۔ قیمت ۱٫۲۵ روپیہ۔

یہ کتابچہ جناب عابد نظامی کی ان چھوٹی چھوٹی نظموں کا مجموعہ ہے جو بچوں کے لیے لکھی گئی ہیں۔ اس میں اکیاون عنوانات کے تحت نظمیں ہیں جن میں بچوں کی دلچسپی کو قائم رکھتے ہوئے ان کے ذہن کو اسلامی اور پاکستانی مزاج کے سانچے میں ڈھالنے کی کامیاب کوشش کی گئی ہے۔ کہیں حمد و نعت ہے کہیں دعا، کہیں کہانی اور قصہ، کہیں نصیحت اور کہیں بچوں کی دلچسپی کی باتیں۔ جس چیز نے میری توجہ کو اپنی طرف زیادہ جذب کیا ہے وہ اس کتابچے کی دو خصوصیتیں ہیں: ایک ہے سلاستِ زبان۔ دوسری اس کی بحریں۔ زبان بڑی سلیس ہے اور بچوں کو اسے سمجھنے میں کوئی ایسی دشواری نہیں پیش نہیں آسکتی جس سے

© rasailojaraid.com